بوتھ لیول افسر

# ای-پتریکا




جلد 2، نومبر 2022

ایڈیٹوریل

کمیٹی:

این این بٹولیا
سینئر پرنسپل سیکریٹری (انتخابی فہرست)

اشوک کمار
ڈائریکٹر (آئی ٹی)

کلدیپ کمار سہراوت
ڈائریکٹر (ٹریننگ) آئی آئی آئی ڈی ای ایم

ایس سندرراجن
ڈائریکٹر (ای وی ایم)

دیپالی ماسرکر
ڈائریکٹر (انتخابی منصوبہ بندی)

سنتوش اجمیرا
ڈائریکٹر (SVEEP) رکن کنوینر

ایڈیٹوریل ٹیم:

آر کے سنگھ
رابطہ کار (SVEEP)

انوج چینڈک
جوائنٹ ڈائریکٹر (SVEEP)

نوپور پراوین
مواصلاتی مشیر

ایشا خان
گرافک ڈیزائنر



## راجیو کمار

### بھارتی اعلیٰ انتخابی کمشنر کی طرف سے پیغام

"कमीशन के रूप में आप साकार हैं,
कमीशन का आप व्यवहार है।
आप कमीशन के दृष्टि और स्वर भी हैं,
इसलिए आप सबको अत्यंत आभार है।"

بوتھ لیول افسر کا طرزِ عمل رائے دہندہ کیلئے ایک سرکاری عہدہ دار کے طرزِ عمل کو سمجھنے کیلئے اہم ہو سکتا ہے۔ بوتھ لیول افسران بنیادی سطح پر بھارتی انتخابی کمشن کی صحیح نمائندگی کرتے ہیں۔ لہٰذا اُن کیلئے یہ ضروری ہے کہ وہ شہریوں کے ساتھ ایک قابلِ اعتماد رشتہ کو استوار کریں۔

(راجیو کمار)



## انوپ چندر پانڈے

### بھارتی انتخابی کمشنر کی طرف سے پیغام

بی ایل او۔ ای پتریکا کا مقصد ہر ایک بوتھ لیول افسر کی رسائی کو موثر بنانے اور جدّت لانے کیلئے حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ بنیادی سطح کے کارکنان کی کارگزاری کو یقینی بنانے کیلئے تین نکاتی پیراڈیم جسے بی ایل او تکون بھی کہا جاتا ہے، کو مدنظر رکھا جا سکتا ہے۔ **پہلا**، بی ایل او کہاں پر رہتا ہے، **دوسرا**، بی ایل او کہاں پر کام کرتا ہے، **تیسرا**، بی ایل او کو انتخابی کاموں کیلئے کون سا علاقہ تفویض کیا گیا ہے۔
زمینی سطح پر زیادہ سے زیادہ کارگزاری کیلئے ان تینوں کو جوڑ دیں۔

(انوپ چندر پانڈے)

# بی ایل او۔ ای پتریکا کو متعارف کرنے کیلئے چند جھلکیاں *










1. ریاستوں/یونین علاقوں کے 350 سے زائد بوتھ لیول افسران نے اعلٰی انتخابی افسران کے دفاتر سے ویڈیو کانفرنسگ کے ذریعے شمولیت کی اور راجستھان، اتر پردیش، اور دہلی سے 150 بوتھ لیول افسران نے 14 ستمبر 2022 کو ذاتی طور پر انڈیا ہیبی ٹیٹ سینٹر، نئی دہلی میں بی ایل او ای پتریکا کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی۔

2. اس تقریب کو بھارتی انتخابی کمشن کے یوٹیوب چینل پر لائیو اسٹریم کیا گیا اور دس لاکھ سے زائد بوتھ لیول افسران کے ساتھ انکی شرکت کی سہولت کیلئے شیئر کیا گیا۔

3. تقریب کے دوران انتخابی کمشن کے یوٹیوب چینل کے صارفین کی تعداد 25 ہزار سے زیادہ ہوگئی اور 2.4 لاکھ لوگوں نے اس تقریب کو دیکھا۔

4. یہ کمشن کے ذریعے ملک بھر میں بوتھ لیول افسران کے ساتھ اپنی نوعیت کا پہلا براہ راست رابطہ تھا۔



# بوتھ پر این وی ڈی کی سرگرمیاں

قومی رائے دہند گاں دن 2011 سے ہر سال بھارتی انتخابی کمشن کے یوم تاسیس کے طور پر 25 جنوری کو پورے ملک میں منایا جاتا ہے جو 1950 میں اسی دن مائم کیا گیا تھا۔ اس دن کو منانے کا خاص مقصد نئے رائے دہند گان کی حوصلہ افزائی کرنا، رجسٹریشن کی سہولت فراہم کرنا اور اس کی تعداد میں اضافہ کرنا ہے۔

## بوتھ لیول افسران کیلئے این وی ڈی کے فوری کاموں کی فہرست۔

1. پولنگ سٹیشن پر تقریب کا انعقاد
2. مضمون نگاری، مباحثہ اور ڈرائنگ کیلئے معلوماتی مقابلوں کا انعقاد کرنا
3. الیکٹرانک فوٹو شناختی کارڈ تقسیم کرنا اور ای پی ائی سی کو ڈاون لوڈ کرنا
4. قومی یوم رائے دہند گان سے عہد لینا
5. ئے اہل رائے دہند گاں کی شناخت کرنا اور اندارج کرنا

## بوتھ لیول افسران کیلئے فوری یاد دہانیاں

1. موجودہ انتخابی فہرست میں اندراجات کی دُرستی، الیکٹرانک فوٹو شناختی کارڈ کے متبادل اور معذور اشخاص کو نشان زد کرنے کیلئے فارم 8 تقسیم کرنا۔
2. انتخابی فہرست میں شامل ہونے کیلئے حلقہ انتخاب میں منتقل کئے گئے رائے دہند گاں کو فارم 8 فراہم کرنا۔
3. انتخابی فہرست سے ہٹانے کیلئے فوت شدہ/منتقل شدہ اور دوہرے رائے دہندہ کی شناخت۔
4. فیلڈ سطح کی جانچ کرنا اور الیکٹورل رجسٹریشن افسر اور اسسٹنٹ الیکٹورل رجسٹریشن افسر ERO/AERO کو رپورٹ پیش کرنا۔
5. ووٹ ڈالنے کے دن ووٹر پرچیاں تقسیم کرنا اور مدد کرنا۔
6. گارووڈا ایپ کا زیادہ استعمال کرنا۔

رائے دہند گاں اور بوتھ لیول افسران کے درمیان تعلق تبھی مضبوط ہو گا جب ان کے درمیان میل جول بار بار اور نتیجہ خیز ہو۔

### بوتھ لیول افسر واقعات

O گجرات میں انتخابی فہرست میں درج معزور افراد کی تعداد 1.68 لاکھ سے بڑھ کر آج 4.04 لاکھ ہو گئی ہے۔

O بہار میں (کے، اے، پی) سروے (آگاہی، رُجحان اور رواج) کے دوران یہ پایا گیا کہ بوتھ لیول افسر کا لوگوں کی رہائش گاہوں پر جانا رجسٹریشن کیلئے ایک بڑا حوصلہ کُن ذریعہ تھا۔

O اُروناچل پردیش میں انتخابی عمل کو سب کیلئے قابل رسائی بنانے کیلئے بوتھ لیول افسران کو اشاروں کی زبان میں تربیت دی گئی۔

## پی ڈبلیوڈی ایپ 2.0 لانچ کی گئی: پی ڈبلیوڈی رائے دہندگاں کو بااختیار بنانے کا آسان ذریعہ


جو معزز انتخابی کمشن کے ذریعے 4 نومبر، 2022 کو ایک نئے ڈیزاین، واضع قطع انٹر فیس اور خصوصیات کے ساتھ لانچ کی گئی۔ پی ڈبلیوڈی ایپ 2.0 کی بنیادی توجہ معذور اشخاص کی آسان رسائی کو یقینی بنانے پر مرکوز ہے۔

- اس موبائیل ایپ کو خصوصی طور پر بصارتی معذوری، قوت سمائی کی معذوری اور دیگر معذوریوں کو مدِ نظر رکھ کر تیار کیا گیا ہے۔
- معذور اشخاص اس ایپ کو استعمال کر کے اپنا نام اور اپنی ووٹر آئی ڈی کی تفاصیل تلاش کر سکتے ہیں۔
- یہ ایپلیکیشن خود کو معذور شخص کے طور پر نشان زد کرنے اور مطلوبہ معاونت کیلئے درخواست کرنے کی سہولیت فراہم کرتی ہے۔
- یہ ایپلیکیشن انڈرائیڈ اور آئی او ایس پلیٹ فارموں پر دستیاب ہے

## اسکے نئے ورژن میں اضافی خصوصیات شامل ہیں مثلاً:

| | | | |
|---|---|---|---|
| اپنے امیدواروں کو جانیں | پولنگ بوتھ کی جگہ کو تلاشیں | شکایتوں کا ازالہ / اطلاعات | پولنگ سٹیشن پر سہولیات |
| پولنگ بوتھ پر مدد کی درخواست | لانے لے جانے کیلئے درخواست | اکثر پوچھے جانے والے سوالات | قابل رسائی انتخابات پر آڈیو/ویڈیو |

بوتھ لیول افسران کو معذور اشخاص کے درمیان اس ایپ کا استعمال کرنے کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیئے۔




## خصوصی اختصاری جائزہ۔ 2023

### خود کو ثابت کرنے کا یہ ایک موقع ہے، جناب بی ایل او صاحب

رواں برس کیلئے خصوصی اختصاری جائزہ (SSR) 9 ، نومبر کو شروع ہوا اور یہ 8 دسمبر 2022 تک جاری رہے گا۔

نئے رائے دہندگاں کو شامل کرنے اور فوت شدہ/منتقل شدہ رائے دہندگاں کو حذف کرنے کیلئے یہ ایک ضروری عمل ہے تاکہ انتخابی فہرست کو شفاف اور کامل بنائے جائے۔ شکایات اور اعتراضات دائر کرنے کیلئے ووٹر ہلپ لائن ایپ یا nvsp.in کی وساطت سے آن لائن درخواست جمع کرنے کو ترجیح دی جانی چاہیئے۔

گارو ڈا ایپ کا استعمال کرنے والے شہریوں کو بوتھ لیول افسر تمام انتخابی خدمات فراہم کرے گا۔

SSR-23 ملک کی تمام ریاستوں میں جاری ہے ماسوائے تین ریاستوں کے، یعنی ہماچل پر دیش، گجرات اور جموں و کشمیر۔

الیکٹورل رجسٹریشن افسر رائے دہندگاں کی حتمی فہرست 5 جنوری 2023 کو شائع کریگا۔



خصوصی اختصاری جائزہ 2023 پر متداتا جنکشن کے آخری بیان کو غور سے سنیں۔

### SSR 2022- 23 کے مقاصد:

1. نئے اہل رائے دہندگاں کا اندراج (01-01-2023 پر یا اس سے قبل 18 سال عمر) اور آئندہ رائے دہندگاں سے پیشگی درخواست وصول کرنا (02-01-2023 سے 01-10-2023 تک 18 سال عمر)۔
2. ڈی ایس ای / پی ایس ای کی موقوفی۔
3. آدھار لنکیج (اختیاری) موبائیل نمبر / فوٹو کو تازہ تر بنانا۔
4. اندراجات کو درست کرنا / حذف کرنا۔
5. نوجوان رائے دہندگاں کی رجسٹریشن کیلئے چار مناسب تاریخوں سے متعلق لوگوں کو آگاہ کرنا۔
6. تمام دوہرے اندراجات، فوت شدہ اور مستقل طور پر منتقل شدہ رائے دہندگاں کو حذف کر کے انتخابی فہرست میں شفافیت لانا۔
7. سماج کے تمام طبقات کے رائے دہندگاں بشمول نوجوان، خواتین، سماج کے پسماندہ طبقات، ٹرانسجنڈر کمیونٹی، بے گھر رائے دہندگاں، خاص طور پر غیر محفوظ قبائلی جماعتوں (پی وی ٹی جی ایس) اور معذور اشخاص (نشان ذدہ) کی رجسٹریشن کُلیم انتخابات کے تیئں ایک قدم۔

اگر بوتھ لیول افسران اس ذمہ داری کے تیئں ہوشیار اور چوکس ہوں تو وہ تازہ ترین انتخابی فہرست کو یقینی بنا سکیں گے۔

# بنیادی سطح کی کہانیاں

## ہمت، استقلال اور لگن کی سچی کہانیاں

### میگالیہ کا ایک خاص بوتھ لیول افسر!



شریمتی باٹیمون نونگس ٹنگ جو قوت سماعی سے محروم تھی، معذور اشخاص کیلئے ریاست کی ایک خاص بوتھ لیول افسر بن گئی۔ نونگس ٹنگ مسّار گاوں سے تعلق رکھتی ہے جہاں قوت سماعی سے محروم لوگوں کی خاصی تعداد موجود ہے۔ وہ زیادہ تر مشرقی خاسی پہاڑی ضلع میں پینورسلا حلقہ انتخاب کے تحت مسّار کے پولنگ سٹیشنوں میں قوت سماعی سے محروم رائے دہندگان / ووٹروں کیلئے کام کرتی ہے۔

### بوتھ لیو افسر وہی جو ضرورت کے وقت کام آئے!

پنجاب

ہیما، بینائی سے محروم ایک 28 سالہ شہری 2019 عام انتخابات سے قبل ووٹر کی حثیت سے اپنا اندراج کرانا چاہتی تھی۔ قابلِ رسائی انتخابات کیلئے بڑے پیمانے پر کمشن کی تشہیر اور اس پر SVEEP کی وساطت سے ٹول فری نمبر 1950 پر کال کرنے کیلئے ہیما کی ہمت بندھ گئی اور اس کو نہ صرف تمام معلومات فراہم کی گئی بلکہ ایک بوتھ لیول افسر نے اسکی رہائش گاہ پر جاکر فارم-6 پُر کرنے میں مدد کی۔ اُس نے اپنا ای پی آئی سی بروقت حاصل کیا اور پولنگ کے دن لانے اور لیجانے کی سہولت بھی حاصل کی۔



## فخر، لگن اور عزم کی کہانیاں



ہماچل پردیش

### منزل ایک: سب کیلئے قابل رسائی انتخابت

ایک 80 سالہ بزرگ خاتون انیتا دیوی جو گاوں خیرا تحصیل نالہ گڑھ، ضلع سولن (ہماچل پردیش) کی مستقل باشندہ ہے، جسمانی طور پر بہت کمزور تھی۔ پولنگ اسٹیشن خیرا نانووال 51۔ نالہ گڑھ اسمبلی حلقہ جہاں پر اُس کو ووٹ ڈالنا تھا اسکی رہائش گاہ سے تین کلومیٹر کے فاصلے پر تھا۔ پولنگ کے دن یعنی 19 مئی 2019 کو خیرا کے بوتھ لیول افسر کو یہ اطلاع دی گئی کہ مذکورہ خاتون کا کہنا ہے کہ جسمانی کمزوری اور ذریعہ آمدورفت دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے وہ اپنی رائے دہندگی کا استعمال کرنے سے قاصر ہے۔ بوتھ لیول افسر فوراً حرکت میں آگیا اور اُس نے بلا توقف سب ڈوثرنل مجسٹریٹ اور اسسٹنٹ ریٹرنگ افسر پرشانت ڈسٹا کو معاملے کے بارے میں مطلع کیا۔ اس اطلاع کے موصول ہوتے ہی شری ڈسٹا نے ذاتی طور پر اسکی رہائش گاہ پر جانے کا فیصلہ کیا اور اُسے ووٹ ڈالنے میں مدد کی۔ اُس نے خاتون کو خود اپنی گاڈی میں پولنگ سٹیشن لیا اور ووٹ ڈالنے کے بعد واپس گھر چھوڑ آیا۔



# باتوں باتوں میں

## بوتھ لیول افسر کے ساتھ بات چیت



### نام: میناکشی کھٹّر

### (پولنگ سٹیشن: 147 اسمبلی حلقہ: 13 روہنی، دہلی)

میں محکمہ تعلیم میں کام کرتی ہوں۔ میرے دائرہ عمل میں آنے والے رائے دہندگان کی تعداد 715 ہے۔ ان میں سے 590 رائے دہندگاں نے اپنے الیکٹرانک فوٹو شناختی کارڈ کو آدھار کے ساتھ جوڑ دیا ہے۔ اِی پی آئی سی کو آدھار کے ساتھ جوڑ دینا ایک اختیاری نوعیت کا عمل ہے، اس بات کو مد نظر رکھتے ہوئے جب میں نے رائے دہندگان کو تازہ ترین انتخابی اصلاحات سے باخبر کرنے کی مہم شروع کی تو مجھے ہر قسم کا رد عمل دیکھنے کو ملا۔ اگرچہ کچھ لوگ آسانی سے مائل ہو گئے اور انہوں نے مقصد کی اہمیت کو سمجھا لیکن بہت سے لوگوں نے اس خیال کو سرے سے ہی نکار دیا۔

اس موقع پر میں نے مقامی جماعتوں مثلاً ریذیڈنٹ ویلفیر سوسائٹی (آر ڈبلیو ایس) سے مدد طلب کی اور انکے سرکاری واٹس ایپ گروپ تک رسائی حاصل کرنے کی گذارش کی۔ اس کی مدد سے اِی پی آئی سی ۔ آدھار لنکیج سے متعلق چیف الیکٹورل افسر دہلی کی طرف سے بھیجی گئی تمام مناسب معلومات کو ایک کلِک پر بلاواسطہ رائے دہندگان تک پہنچانے میں مدد ملی۔ میں نے سب کو اس بات کی یقین دہانی کرائی کہ یہ لنکیج انتخابی فہرست میں کسی بھی قسم کے دوہرتہ کو روکے گا اور فہرست کو شفاف بنائے گا۔ میں نے اپنے گردوپیش اس موضوع سے متعلق اشتہارات اور پمفلٹِ نمایاں کئے۔ اس سے رائے دہندگان پر مثبت اثرات رونما ہوئے۔ مجھے یہ بتانے میں خوشی محسوس رہی ہے کہ میں تمام دشواروں پر قابو پانے میں کامیاب ہو سکی اور رائے دہندگان کے سوالوں کا تسلی بخش جواب دے سکی، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ رائے دہندگان کی اچھی خاصی تعداد نے اپنے شناختی کارڈ کو آدھار کے ساتھ جوڑ دیا۔

### نام: جگدیش پرشاد وِشنوئی۔

### (پولنگ اسٹیشن: 91، اسمبلی حلقہ: 139: بارمر۔ راجھستان)

### انسانیت سب سے بڑھ کر: بوتھ لیول افسر نے گھر گھر سروے کے دوران ایک ہرن کی جان بچائی۔



ایک تپتی دوپہر میں سکول اوقات کے بعد، میں اِی پی آئی سی۔ آدھار لنکیج سے متعلق معلومات دینے کے لئے گھر گھر سروے کر رہا تھا۔ اچانک میں نے کتوں کے ایک جھنڈ کو ریت کے ٹیلوں میں مادہ ہرن اور اسکے بچے کے پیچھے دوڑتے ہوئے دیکھا۔ ہرن بہت بُری طرح زخمی ہو گئی تھی جبکہ اس کا بچہ بھی بھاگنے کے لئے جدوجہد کر رہا تھا۔ زیادہ خون بہنے کی وجہ سے ہرن موقع پر ہی دم توڑ بیٹھی لیکن میں نے کسی بھی طرح اس کے بچے کو بچا لیا۔ میں نے اسے ایک نجی گاڑی میں امرو تا دیوی وائیلڈ لائف کنزرویشن سینٹر تک پہنچا دیا اور مناسب علاج و معالجہ کرایا۔ جنگلی جانوروں کو بچانا اور مشکل سے آزاد کرانا ہم سب کا مشترکہ مقصد ہونا چاہیے۔ انسانیت ہر چیز سے بالاتر ہے۔

# भारत निर्वाचन आयोग

## بھارتی انتخابی کمیشن



## مبتداتا جنکشن

# मतदाता जंक्शन

### हर वोटर का अपना स्टेशन

ہفتہ وار معلوماتی مقابلہ میں حصہ لیجئے

اور حیرت انگیز انعامات جیتئے



ہر جمعہ کو آل انڈیا ریڈیو پر سنئے۔

(ایف۔ایم گولڈ)۔شام 7 بجکر 25 منٹ پر

(ایف۔ایم رین بو)۔شام 7 بجکر 45 منٹ پر

(وِود بھارتی)۔رات 8 بجکر 47 منٹ پر